زیر نظر کتابچہ میں انہوں نے ضعیف احادیث کی شرعی حیثیت کو موضوع بحث بنایا ہے جو شروع سے ہی محدثین کے ہاں زیر بحث چلا آرہا ہے اور محدثین کی ایک بہت بڑی جماعت کا یہ موقف ہے کہ ضعیف حدیث عقائد و احکام کے باب میں تو حجت نہیں ہے لیکن فضائل کے زمرہ میں بعض شرائط کے ساتھ قابل قبول ہے۔ مصنف نے اس نقطۂ نظر سے اختلاف کیا ہے اور ضعیف احادیث کی معرفت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے اس موقف کی تائید کی ہے کہ ضعیف حدیث مطلقاً قابل قبول نہیں ہے۔

فاضل مصنف کے اس مؤقف اور ان کے دلائل سے اتفاق ضروری نہیں ہے، تاہم اس موضوع پر ان کی محنت و کاوش قابل داد ہے اور علوم حدیث سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے اس کتاب کا مطالعہ مفید اور معلومات افزا ہوگا۔

سوا دو سو صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ فاروقی کتب خانہ، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان نے شائع کیا ہے اور اس کی قیمت -/۴۸ روپے ہے۔

پیغمبرؐ امن و آشتی اور اسلامی انقلاب

امیر تحریک خدام اہل سنت گوجرانوالہ ڈویژن مولانا حافظ عبد الحق خان بشیر نے اس مفصل مضمون میں اسلامی نظام کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اور سرمایہ دارانہ نظام، جمہوریت اور سوشلزم کے ساتھ اسلام کا تقابل کرتے ہوئے امام ولی اللہ دہلویؒ کی حکمت و فلسفہ کی روشنی میں اسلامی انقلاب کے تقاضوں کی وضاحت کی ہے۔ اس رسالہ کی قیمت ساڑھے نو روپے ہے اور مدرسہ حیات النبیؐ، محلہ حیات النبیؐ، گجرات سے مل سکتا ہے۔

آئیے نماز پڑھیں

جامعہ دار السلام مالیر کوٹلہ بھارت کے سربراہ مولانا مفتی فضیل الرحمٰن عثمانی برصغیر کے نامور بزرگ مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ کے فرزند ہیں اور ایک عرصے سے مشرقی پنجاب میں مسلمانوں کی علمی دینی راہ نمائی کے فرائض حسن و خوبی کے ساتھ سرانجام دے رہے ہیں۔ زیر نظر رسالہ میں انہوں نے نماز کے مسائل و احکام، ترتیب اور فضائل کو تعلیمی انداز میں بیان کیا ہے جو سکول و کالج کے طلبہ کی تعلیم کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اس رسالہ کی قیمت چار روپے ہے اور اسے صدیقی ٹرسٹ